# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu News Bulletin

**Dated : 14-09-2026**

**Time : 09:25 AM**

---

**آداب**

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین

پی ایم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ برکس محض مما لک کا ایک گروپ نہیں بلکہ یہ مسائل کو حل کرنے کا ایک اہم نظام ہے۔نئی دلی میں منعقدہ برکس اجلاس کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اجلاس کے دوران ہوئی با معنیٰ بات چیت سے اس یقین کو مزید تقویت پہنچتی ہے ۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس سر براہی اجلاس میں منظور کیئے گئے دلی اعلامیہ نے ایک مشترکہ سوچ قائم کی ہے اور آنے والے وقت میں باہمی تعاون کیلئے ایک واضح نقشہ راہ فراہم کی ہے ۔

------**PM**-----------

پی ایم شکریہ

اسی دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے دلی سمٹ کو کامیاب اور نتیجہ خیز بنانے کیلئے تمام برکس ممبر مما لک کے رہنماؤں کا شکریہ ادا کیا ہے۔وزیر اعظم نے دو روزہ اجلاس سے متعلق کئی ویڈیوز اپنے سوشل میڈیا ہینڈلز پر پوسٹ کئے ہیں۔اس اہم اجلاس میں جن عالمی رہنماؤں نے شرکت کی،ان میں روس کے صدر ولادمیر پوتن،چین کے صدر شی جن پنگ،ایران کے صدر مسعود پزشکیاں، ابوظہبی کے شاہ پرنس محمد بن زائد النہان ،ملیشا کے وزیر اعظم انور ابراہیم ، انڈونیشیا کے صدر پر بووسوبیانتو اور کئی دیگر اہم لیڈر شامل ہیں۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ **21** ریاستوں میں بی جے پی کی سر براہی والی **NDA** حکومتیں **2029** سے پہلے یونیفارم سول کوڈ متعارف کریں گی ۔ممبئی میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ **UCC** بیشتر ریاستوں میں متعارف کیا گیا ہے اور وہ پُر اعتماد ہیں کہ **2029** سے پہلے **UCC** بی جے پی۔این ڈی اے حکومت والی **21** ریاستیں اسے متعارف کریں گی ۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے بھارت نیائے سنہتا کے ذریعے سے ملک کے کرمنل جسٹس نظام کو مزید مضبوط کیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ دفعہ **370** اور **35-A** کو بنا کسی تشدد کے ختم کیا گیا۔انہوں نے

کہا کہ اب کشمیر مکمل طور سے بھارت کے ساتھ ضم ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرجیکل سٹرائیکس، ائیرسٹرائیکس اور آپریشن سندور نے دہشت پسندی کے خلاف بھارت کی زیرو ٹالرنس پالیسی کی عکاسی کی ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کٹھوعہ ضلعے کے دمبرامہانپور میں تعمیر ہو رہے ہائی سیکورٹی جیل کا کل معائینہ کیا اور اس کے کام کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے افسروں کو کاموں کے معیار کو برقرار رکھتے ہوئے ان کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ اس موقعہ پر پرنسپل سیکٹری داخلہ چندریکر بھارتی، ڈی جی پی جیل خانہ جات دیپک کمار، سپیشل ڈی جی کوارڈینیشن ایس جے ایم گیلانی، ڈویژنل کمشنر جموں رمیش کمار اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

گنیش چترتھی

آج گنیش چترتھی جوش وخروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ صدر جمہوریہ درپدی مرمو، وزیراعظم زیندر مودی اور کئی دیگر شخصیات نے گنیش چترتھی کے موقعے پر ملک کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے بھگوان گنیشا کو دانشمندی، ترقی اور نیک شگون کی علامت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ تہوار ہماری زندگیوں میں توانائی، علم اور مثبت سوچ کو پروان چڑھاتا ہے۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی لوگوں کو اس موقعہ پر مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں ایل جی نے بھگوان گنیش کو دانشمندی، عظمت اور کامیابی کا مجسمہ قرار دیا۔ منوج سنہا نے اس موقعہ پر سماج کی فلاح و بہبود اور امن وترقی کیلئے دعا کی۔

ہندی دوس

آج پورے ملک میں ہندی دِوس منایا جارہا ہے۔ **1949** میں آج ہی کے دن کانسٹیچیونٹ اسمبلی نے دیوناگری سکرپٹ میں ہندی زبان کو ملک کی سرکاری زبان کے طور پر منظور کیا تھا۔ آج ہندی دنیا کے بیشتر ممالک میں بولی جاتی ہے اور ایسی پہلی زبان ہے جسے **52** کروڑ سے زیادہ لوگ بولتے ہیں۔ اس تعلق سے آج کئی پروگراموں کا انعقاد ہو رہا ہے۔ وزیر داخلہ امت شاہ نوی ممبئی میں چھٹے آل انڈیا راج بھاشا سمیلن اور ہندی دِوس پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں۔

شہر شہر منظر

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام ''شہر شہر منظر'' کیلئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل، صبح ساڑھے دس بجے سے دوپہر **12** بجے تک ہو رہی ہے۔ خواہشمند افراد فون نمبر **0194-2452019** پر کال کرسکتے ہیں۔

فلم ایوارڈ

جموں کشمیر میں 7 سے 10 ستمبر تک منعقد ہوئے پہلے بین الاقوامی فلم فیسٹول کے دوران اجیت سنگھ بھسین کو جموں کشمیر کے ابھرتے ہوئے فلم میکر ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ یہ ایوارڈ انہیں

**"Askini: The guiding darkness"**

نامی فلم کیلئے دیا گیا ہے۔ محکمہ اطلاعات و رابطہ عامہ نے کہا ہے کہ ابھرتے ہوئے فلم سازوں کو آگے بڑھانا اس فلم فیسٹول کا اہم حصہ رہا ہے۔

کرکٹ

بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم نے T-20 ایشیا کپ 2026 جیت لیا ہے۔ کل شام دبئی میں کھلے گئے فائنل میچ میں بھارتی ٹیم نے سری لنکا کی ٹیم کے 183 رنز کا ہدف رکھا جس کے جواب میں سری لنکا کی پوری ٹیم 19 عشاریہ 4 اوورس میں 111 رن بنا کر ہی آؤٹ ہوگئی۔ شفالی ورما کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے خواتین کرکٹ ٹیم ایشیا کپ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13 عشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ